صوبہ سندھ کے تمام گورنمنٹ پرائمری اور سیکنڈری اسکول

توجہ فرمائیں

SAT Phase –III (2014-15) کا سیمپل پیپر

محکمہ تعلیم وخواندگی صوبہ سندھ نے کلاس پانچویں اور آٹھویں کے شاگردوں کی تعلیم کے معیار کو جانچنے کے لیئے اسٹینڈرڈائیزڈ اچیومینٹ ٹیسٹ (SAT) کے نام سے ایک پروجیکٹ کا آغاز کیا ہے۔ اس پروجیکٹ میں حکومت سندھ کو ورلڈ بینک کی معاونت حاصل ہے۔ SAT امتحان ہر سال ہوتے ہیں اور ان کا بنیادی مقصد قومی نصاب 07 / 2006 کے تحت بچوں کی تعلیمی قابلیت کو جانچنا ہے۔ اس پروجیکٹ پر ریفارم سپورٹ یونٹ پورے صوبہ سندھ میں سکھر آئی۔بی۔اے (Sukkur IBA) کے تعاون سے عمل درآمد کروا رہا ہے۔ SAT Phase –III (2014-15) کا امتحان پورے صوبے میں پانچویں اور آٹھویں کلاس کے شاگردوں سے جنوری اور فروری 2015 میں لیا جائے گا۔ SAT Phase–III (2014-15) کا امتحان لینگویجز (سندھی / اردو / انگلش، اسکول کے میڈیم کے مطابق) ریاضی اور سائنس کے مضامین سے لیا جائے گا۔ یہ امتحان MCQs, FIBs اور CRQs پر مشتمل ہوگا۔ MCQ, FIB اور CRQ کی ایک ایک مثال نیچے دی گئی ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ اساتذہ کرام شاگردوں کو SAT Phase –III (2014-15) کے امتحان کی تیاری مؤثر طریقے سے کروا سکیں۔

MCQ کی مثال

سوال: ہر وہ چیز جو جگہ گھیرے اور وزن رکھے اسے کیا کہتے ہیں؟

Ⓐ توانائی Ⓑ مادہ Ⓒ طاقت Ⓓ جسم

FIB کی مثال

سوال: 395+580 برابر ہے----------

CRQ کی مثال

سوال: آپ نے کچھ عرصہ پہلے جس شادی میں شرکت کی اس کی وضاحت کریں اور بتائیں؟

(الف) آپ نے وہاں کیا کھایا (ب) آپ وہاں لطف اندوز ہوئے یا تنگ ہوئے

_____

_____

مزید معلومات

سکھر آئی۔بی۔اے نے SAT پروجیکٹ کے لیے ایک ویب سائیٹ بنائی ہے۔ اس ویب سائیٹ پر پروجیکٹ کے متعلق تمام معلومات فراہم کی گئی ہے۔ اس ویب سائٹ پر 26000 سے زائد سوالات موجود ہیں۔ یہ سوالات پانچویں اور آٹھویں کلاس کی لینگویجز (سندھی / اردو / انگلش) ریاضی اور سائنس کے مضامین سے لیے گئے ہیں۔ ہیڈ ٹیچرز اور اساتذہ کرام SAT ویب سائیٹ کو استعمال کرتے ہوئے شاگردوں کے لیے ان کی کلاس کے مطابق ٹیسٹ تیار کر سکتے ہے۔ شاگرد ویب سائیٹ پر موجود آن لائن ٹیسٹ کی مشق بھی کر سکتے ہیں۔ شاگردوں، اساتذہ کرام، ہیڈ ٹیچرز، والدین اور دیگر وابسطہ لوگوں کو SAT Phase –III (2014-15) کے امتحان کے طریقہ کار سے واقف کرنے کے لیئے امتحانی پیپر کے نمونے تینوں میڈیمز یعنی انگلش، سندھی اور اردو میں پروجیکٹ کی ویب سائٹ www.satsindh.net.pk پر موجود ہیں۔ سب ہیڈ ٹیچرز اور اساتذہ کرام سے التماس ہے کہ وہ شاگردوں کو ہدایت کریں کہ وہ SAT Phase –III (2014-15) کے امتحان کے دن اپنے ساتھ جیومیٹری باکس لائیں اور امتحان میں حاضر رہیں۔

آخر میں پورے صوبہ سندھ کے تمام گورنمینٹ پرائمری اسکولز (بوائز / گرلز / کوایجوکیشن) کے سب ہیڈ ٹیچرز کو التماس کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اسکول کی کلاس پانچویں کے شاگردوں کو قریبی گورنمنٹ (مڈل / ہائی / ہائر سیکنڈری) اسکولوں میں SAT Phase –III (2014-15) کا امتحان دینے کے لیئے بھیجیں۔ SAT Phase –III (2014-15) کا امتحان جنوری اور فروری 2015 کے مہینوں میں لیا جائے گا اس امتحان کے مخصوص دنوں اور تاریخوں کے متعلق ریفارم سپورٹ یونٹ اور سکھر آئی۔بی۔اے کی طرف سے آپ کو آگاہ کیا جائے گا۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

Hamid Ali Shaikh
Senior Programme Officer (SAT)
Department of Training & Development
Sukkur IBA, Airport Road, Sukkur-65200
URL: www.satsindh.net.pk, www.iba-suk.edu.pk
Email : hamid@iba-suk.edu.pk
Office : 071-5630272
Ext : 178

Zamir Khan
Deputy Programme Manager (SAT)
Reform Support Unit
Education and Literacy Department
Government of Sindh
NJV School Building, M.A. Jinnah Road, Karachi
muhammad_zamir71@hotmail.com
Office #: 021-99216408

ARR-0460